MQM
(Muttahida Quami Movement)
INTERNATIONAL SECRETARIAT
Founder & Leader : *Altaf Hussain*

ایم کیو ایم اوورسیز ساؤتھ افریقہ کی تنظیم نو کردی گئی۔ محمد رضی کو ایم کیو ایم ساؤتھ افریقہ کا سینٹرل آرگنائزر مقرر کردیا گیا

جاوید لطیف اور ندیم انصاری ایم کیو ایم ساؤتھ افریقہ کے جوائنٹ آرگنائزر رہوں گے

عبدالرحمٰن، محمد ذکی، محمد عابد، راشد حسین اور اقبال نقوی ایم کیو ایم ساؤتھ افریقہ کی سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان ہوں گے

بانی و قائد جناب الطاف حسین نے ساؤتھ افریقہ کی تنظیم نو کی توثیق کی

تنظیم نو کا اعلان کنوینر مصطفٰے عزیز آبادی نے ایم کیو ایم ساؤتھ افریقہ کے اجلاس میں کیا۔ اجلاس میں سابق آرگنائزر محمد یوسف شہید کو خراج عقیدت پیش کیا گیا

لندن...... 22 نومبر 2024ء

ایم کیو ایم اوورسیز ساؤتھ افریقہ یونٹ کی سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کی تنظیم نو کردی گئی ہے۔ محمد رضی کو ایم کیو ایم ساؤتھ افریقہ کے سینٹرل آرگنائزر مقرر کردیا گیا ہے جبکہ جاوید لطیف اور ندیم انصاری ایم کیو ایم ساؤتھ افریقہ کے جوائنٹ آرگنائزر

Elizabeth House, First Floor, 54-58 High Street, Edgware, Middlesex HA8 7EJ, UK.
Telephone: 020 8905 7300 Facsimile: 020 8952 9282
Email: mqm@mqm.org MQM Official Website: http://www.mqm.org

ہوں گے۔اس کے علاوہ عبدالرحمٰن (جوہانسبرگ)، محمد ذکی (جوہانسبرگ)، محمد عابد (ڈربن)، راشد حسین (جوہانسرگ) اور اقبال نقوی (کیپ ٹاؤن) ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ کی سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان ہوں گے۔ایم کیوایم کے بانی وقائد جناب الطاف حسین نے ساؤتھ افریقہ کی تنظیم نو کے حوالے سے رابطہ کمیٹی کے فیصلے کی توثیق کی ۔تنظیم نو کا اعلان رابطہ کمیٹی کے کنوینر مصطفٰے عزیزآبادی نے ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ کے ایک اجلاس میں کیا۔اجلاس میں رابطہ کمیٹی کے ارکان اور سینٹرل ایگزکمیٹی کے رکن آصف قاضی بھی شریک تھے۔

کنوینر مصطفٰے عزیزآبادی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے بانی وقائد جناب الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کی جانب سے ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ کے ذمہ داران وارکان کوسینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کی تشکیل نو پر مبارکباد پیش کی اور کمیٹی کے ارکان سے کہا کہ وہ ساؤتھ افریقہ میں ایم کیوایم کو نئے سرے سے منظّم کریں اور جلدازجلد ساؤتھ افریقہ کے تمام چیپٹرز کی بھی تنظیم نو کریں۔اجلاس میں ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ کے سابق سینٹرل آرگنائزر محمد یوسف شہید کوخراج عقیدت پیش کیا گیا۔اس موقع پرنوتشکیل شدہ سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے بانی وقائد جناب الطاف حسین کویقین دلایا کہ وہ متحد ہوکر تنظیمی کام کومنظّم کریں گے۔